دنیا میں کیا ہو رہا ہے؟

اخبارات ،ٹی وی، قومی اور عالمی چینل سب کو پڑھنے، دیکھنے سے ایک منظر 'نظروں کے سامنے تشکیل پاتا ہے۔

اسے دیکھنے' جائزہ لینے اور رائے بنانے کے دو نقطۂ نظر ہیں:

○ یہ دنیا ہی سب کچھ ہے۔ سب واقعات خود ہی واقع ہو رہے ہیں

○○ اصل دنیا' اس کے بعد واقع ہو گی۔ واقعات کے پیچھے ایک قادر مطلق اور علیم و خبیر ہستی ہے

ہمارا عقیدہ و نظریہ کہنے کو کچھ ہی ہو' حالات کو ظاہری نگاہ سے دیکھ کر ہم پریشان ہو جاتے ہیں۔

دوسرے نقطۂ نظر سے دیکھیں تو سب کچھ ایک اسکیم کے تحت ہوتا نظر آتا ہے' کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔

اس دوسرے نقطۂ نظر کو اپنی فکر و شخصیت کا حصہ بنانے کے لیے:

جاگتے دل اور کھلی آنکھوں سے قرآن کا مطالعہ کیا کیجیے۔

_____ لیکن اپنے حصے کا کام ضرور کیجیے'

حالات خراب ہوں' تو اور زیادہ کیجیے۔

(خیر خواہ)